## لاہور سے پنجاب اسمبلی کے حلقہ 129 کے پیپلز پارٹی کے سابق صدر بابا تاج بھٹی نے

## حلقہ کے کئی عہدیداروں اور پچاس سے زائد کارکنوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرلی

## مسلم لیگ ن کے 10 کارکنوں کی بھی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت۔لاہور میں ایم کیوایم کے اجتماع میں اعلان

## ایم کیوایم کے خلاف سازشیں دم توڑ گئی ہیں۔مذہبی امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر عامر لیاقت حسین

## تمام تر میڈیا ٹرائل کے باوجود پنجاب کے سیاسی کارکنان اور عوام ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں

## ایم کیوایم لاہور کے آرگنائزر رانا فرحت علی ایڈوکیٹ اور شعبہ خواتین پنجاب کی آرگنائزر ڈاکٹر لالہ رخ کا اجتماع سے خطاب

لاہور۔۔۔17 جون 2007ء

لاہور سے پنجاب اسمبلی کے حلقہ 129 کے پیپلز پارٹی کے سابق صدر بابا تاج بھٹی نے حلقہ کے کئی عہدیداروں اور پچاس سے زائد کارکنوں سمیت متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔اسکے علاوہ مسلم لیگ ن کے 10 کارکنوں نے بھی متحدہ قومی موومنٹ میں شمولیت اختیار کی ہے۔اس بات کا اعلان انہوں نے ہفتہ کی شب لاہور کے علاقے امین پارک میں ایم کیوایم کے زیراہتمام منعقدہ ایک اجتماع کے موقع پر کیا جس میں علاقے کے لوگوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی جن میں علاقے کے نوجوانوں اور بزرگوں کے علاوہ خواتین بھی شامل تھیں۔اجتماع سے مذہبی امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر عامر لیاقت حسین،ایم کیوایم لاہور کے آرگنائزر رانا فرحت علی ایڈوکیٹ اور ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب کی آرگنائزر ڈاکٹر لالہ رخ نے بھی خطاب کیا۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں پیپلز پارٹی کے حلقہ 129 کے جنرل سیکریٹری محمد اسلم بھٹی، نائب صدر اشفاق بٹ،سیکریٹری اطلاعات محمد شاہد تاج بھٹی بھی شامل ہیں۔اس موقع پر علاقے میں ایم کیوایم کے رابطہ آفس کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا گیا۔مذہبی امور کے وزیر مملکت ڈاکٹر عامر لیاقت حسین نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سازشی عناصر نے پنجاب،سرحد اور بلوچستان میں ایم کیوایم کی بڑھتی ہوئی مقبولیت سے خوفزدہ ہوکر اس کے خلاف زہریلے پروپیگنڈے کئے تاکہ یہاں کے غریب اور متوسط طبقہ کے عوام ایم کیوایم سے دوبارہ نفرت کرنے لگیں اور اسکے قریب نہ آئیں اور ملک پر جاگیرداروں اور وڈیروں کا تسلط قائم رہے لیکن ایم کیوایم کے خلاف یہ سازشیں بھی دم توڑ گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تمام تر سازشوں کے باوجود قائم ہے اور وہ وقت دور نہیں جب ایم کیوایم ملک کی سب سے بڑی جماعت بنکر ابھرے گی۔ایم کیوایم لاہور کے آرگنائزر رانا فرحت علی ایڈوکیٹ نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک پر برسوں سے قائم جاگیردارانہ وڈیرانہ نظام کے رکھوالوں نے غریب اور متوسط طبقہ سے جنم لینے والی جماعت متحدہ قومی موومنٹ کو سازشوں کے ذریعے ختم کرنا چاہا اور اسکا میڈیا ٹرائل کرکے پنجاب کے عوام کو اسکے خلاف ورغلانا چاہا لیکن زندہ دلان لاہور باشعور ہیں اور وہ ان سازشوں کو اچھی طرح سمجھتے ہیں یہی وجہ ہے کہ تمام تر میڈیا ٹرائل کے باوجود پنجاب کے سیاسی کارکنان اور عوام ایم کیوایم میں شامل ہورہے ہیں۔ایم کیوایم شعبہ خواتین پنجاب کی آرگنائزر ڈاکٹر لالہ رخ نے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چاہے کتنا ہی زہریلا پروپیگنڈہ کیا جائے اور چاہے کتنی ہی سازشیں کیوں نہ کرلی جائیں پنجاب کی مائیں بہنیں ایم کیوایم اور اپنے الطاف بھائی کا ساتھ نہیں چھوڑیں گی اور ملک سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد میں ہرممکن کردار ادا کرتی رہیں گی۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والے پیپلز پارٹی کے حلقہ 129 کے سابق صدر بابا تاج بھٹی،جنرل سیکریٹری محمد اسلم بھٹی، نائب صدر اشفاق بٹ اور سیکریٹری اطلاعات محمد شاہد تاج بھٹی نے اسٹیج پر آکر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہم پیپلز پارٹی اور دیگر جماعتوں کو آزمانے کے بعد اس نتیجہ پر پہنچے ہیں کہ ایم کیوایم ہی غریب ومتوسط طبقہ کی صحیح نمائندہ جماعت ہے جس نے غریبوں کے صرف نعرے نہیں لگائے بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کے لوگوں کو اسمبلیوں میں بھیجا۔اب ہم بھی ایم کیوایم کے قافلے میں شامل ہوکر ملک سے جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی جدوجہد کریں گے اور ہمارے سب ساتھی ایم کیوایم اور الطاف حسین کے ساتھ ہیں۔

## ایم کیوایم جاگیرداروں اور وڈیروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کی جماعت ہے اسی لئے
## اسکے خلاف سازشیں کی جارہی ہیں، سینیٹر محمد علی بروہی
## عوام مفاد پرست سیاسی و مذہبی جماعتوں کو یکسر مسترد کردیں گے۔ میاں چنوں میں وکلاء اور کارکنان کے اجتماع سے خطاب

میاں چنوں۔۔۔17،، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے سینیٹر ڈاکٹر محمد علی بروہی نے کہا ہے کہ ایم کیوایم جاگیرداروں اور وڈیروں کی نہیں بلکہ غریب ومتوسط طبقہ کی جماعت ہے اسی لئے اس کے خلاف سازشیں کی جارہی ہیں تاکہ ملک بھر بالخصوص پنجاب میں ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کا راستہ روکا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میاں چنوں میں ایک اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا جس میں مقامی وکلاء، ایم کیوایم کے کارکنوں، نوجوانوں اور بزرگوں نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے سیاست میں خدمت کے عمل کو متعارف کرایا ہے اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کو منتخب کراکر ایوانوں میں بھیجا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم پنجاب سمیت ملک بھر کے غریب عوام کے حقوق کی جدوجہد کررہی ہے اور ایم کیوایم کا پیغام ملک بھر میں تیزی سے پھیلتا دیکھ کر اس کے خلاف سازشوں کا سلسلہ بھی تیز کردیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 12 مئی کا سانحہ انہی سازشوں کا تسلسل ہے جس کا مقصد ایم کیوایم کے حق پرستانہ پیغام کو پھیلنے سے روکنا اور ملک بھر کے عوام کو ایم کیوایم سے بدظن کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے سانحہ کراچی کے حقائق عوام کے سامنے آرہے ہیں اور عوام ایم کیوایم کے خلاف سازشوں کو سمجھ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام مفاد پرست سیاسی و مذہبی جماعتوں کو بارہا آزما چکے ہیں اور انشاء اللہ آئندہ انتخابات میں عوام مفاد پرست سیاسی و مذہبی جماعتوں کو یکسر مسترد کردیں گے۔ اجتماع سے ایم کیوایم پنجاب کی آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن نعیم ارشد، چوہدری تنویر احمد ایڈوکیٹ، محمد رضوان ایڈوکیٹ، محمد قاسم ایڈوکیٹ اور رانا محمد کاشف ایڈوکیٹ نے بھی خطاب کیا۔ اپنے خطاب میں مقررین نے کہا کہ ایم کیوایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کی نمائندہ جماعت ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک کی ترقی وخوشحالی کیلئے عملی جدوجہد کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے خلاف بہتان تراشی اسی لئے کی جاتی ہے کہ جاگیردار طبقہ ایم کیوایم کی عوامی مقبولیت سے خوف زدہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات میں یہ ثابت ہوجائے گا کہ متحدہ قومی موومنٹ ایک قومی جماعت ہے اور 98 فیصد غریب ومتوسط طبقے کے حقوق کے حصول کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔

## شرعی احکامات کے حوالے سے پوچھے گئے سوالات پر متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں کی خاموشی معنی خیز ہے، ارکان سندھ اسمبلی

کراچی۔۔۔17،، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے ارکان سندھ اسمبلی نے متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں سے کہا ہے کہ وہ متحدہ قومی موومنٹ کے علماء ونگ کی جانب سے شرعی احکامات کے حوالے سے پوچھے گئے سوالات پر راہ فرار کیوں اختیار کررہے ہیں؟ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ متحدہ کے علماء ونگ کی جانب سے متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں بالخصوص قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان سے سوالات کیے گئے تھے کہ حدود اللہ کے شرعی احکامات اور مستند امامین کے نزدیک ایک کلمہ گو مسلمان کا کسی غیر کلمہ گو عورت سے بغیر نکاح کئے تعلق قائم کرنا کیا اسلامی تعلیمات اور آئمہ کرام کی تعلیمات کے مطابق درست ہے؟ اور ایسا عمل کرنے والے سے رابطہ کرنا، اس کو اپنی محفلوں میں بلانا، اپنے درمیان بٹھانا، ساتھ کھانا پینا اور انہیں اپنا رفیق بنانا کیا قرآن وسنت اور آئمہ کرامؒ کی تعلیمات کے مطابق جائز ہے؟ حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا کہ دن رات شریعت اور حدود اللہ کی بات کرنے والے متحدہ مجلس عمل کے رہنما اس خالص دینی مسئلہ پر عوام کی رہنمائی سے کیوں دامن بچا رہے ہیں اور ان کی جانب سے تاحال اس حوالے سے کوئی جواب کیوں نہیں دیا جارہا ہے؟ انہوں نے کہا کہ شرعی احکامات کے حوالے سے پوچھے گئے سوالات پر متحدہ مجلس عمل کے رہنماؤں بالخصوص قاضی حسین احمد اور مولانا فضل الرحمان کی خاموشی معنی خیز ہے اور انکی جانب سے راہ فرار اختیار کرنا قوم کے ذہنوں میں مزید سوالات کو جنم دینے کا باعث بن رہے ہیں۔

## نوازشریف اور قاضی حسین کے پاس ثبوت ہیں تو وہ خود جا کر برطانیہ کی عدالت میں ایم کیو ایم کے خلاف مقدمہ درج کرانے سے کیوں گھبرا رہے ہیں، اقلیتی امور کمیٹی

کراچی۔۔۔17، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم مخالف جماعتیں کتنی ہی سازشیں کیوں نہ کرلیں وہ سچ کو جھوٹ میں تبدیل نہیں کرسکتیں۔ جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد کی جانب سے ایم کیو ایم کے خلاف ثبوت فراہم کرنے کے دعوے پر تبصرہ کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اگر نوازشریف اور قاضی حسین احمد کے پاس ایم کیو ایم کے خلاف ثبوت وشواہد ہیں تو وہ خود جا کر برطانیہ کی عدالت میں مقدمہ درج کرانے سے کیوں گھبرا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دراصل عوامی حمایت سے محروم نام نہاد سیاسی ومذہبی جماعتیں ایم کیو ایم کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت سے خوف زدہ ہیں اور ملک بھر کے عوام کو ایم کیو ایم سے بدظن کرنے کیلئے منفی پروپیگنڈے کررہی ہیں اور 12، مئی کے سانحہ کے بعد ملک بھر میں ایم کیو ایم کے خلاف بڑے پیمانے پر منفی پروپیگنڈہ اسی سازش کی ایک کڑی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیو ایم مخالف جماعتیں کتنی ہی سازشیں کیوں نہ کرلیں وہ سچ کو جھوٹ میں تبدیل نہیں کرسکتیں۔

## ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر اور قمبر شہدادکوٹ کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔17، جون 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نارتھ کراچی سیکٹر یونٹ B-133 کے کارکن عمران منور کی والدہ محترمہ رشیدہ بانو اور ایم کیو ایم قمبر شہدادکوٹ زون یونٹ وارہ کے جوائنٹ انچارج محمد علی چانڈیو کے والد محمد نواز کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں ربطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

☆☆☆☆☆